آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعرات 30 ستمبر 2021ء بمطابق 22 صفر المظفر 1443ھ | شمارہ نمبر 247

کسی بھی علاقے کی ترقی کیلئے مواصلاتی رابطوں کا ہونا ضروری ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ کسی بھی علاقے کی ترقی کے لئے مواصلاتی رابطوں کا ہونا ضروری ہے، مربوط مواصلاتی نظام کے مثبت اثرات نہ صرف اس علاقے پر پڑتے ہیں بلکہ مجموعی طور پر ایک تبدیلی اور خوشحالی بھی آتی ہے

بلوچستان کا علاقہ آواران وہ مرکز ہے جسے ہم مستقبل میں ایک الگ انداز میں دیکھیں گے ہم نے اپنے حالیہ ترقیاتی پروگرام میں پنجگور سے آواران، آواران سے جھاؤ بیلا اور کراچی کے لیے سڑکوں کی تعمیر کے مجوزہ ترقیاتی منصوبے رکھے ہیں

جن کی تکمیل سے ایران سے کراچی تک ایک مختصر ترین روٹ میسر آئے گا، اس منصوبے کی فزیبلٹی سٹڈی بھی رکھی ہے۔ اسلام آباد میں مجھل جھاؤ۔ بیلا شاہراہ کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ کسی بھی علاقے کی ترقی کے لئے مواصلاتی رابطوں کا ہونا ضروری ہے، مربوط مواصلاتی نظام کے مثبت اثرات نہ صرف اس علاقے پر پڑتے ہیں بلکہ مجموعی طور پر ایک تبدیلی اور خوشحالی بھی آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا علاقہ آواران وہ مرکز ہے جسے ہم مستقبل میں ایک الگ انداز میں دیکھیں گے ہم نے اپنے حالیہ ترقیاتی پروگرام میں پنجگور سے آواران، آواران سے جھاؤ بیلا اور کراچی کے لیے سڑکوں کی تعمیر کے مجوزہ ترقیاتی منصوبے رکھے ہیں جن کی تکمیل سے ایران سے کراچی تک ایک مختصر ترین

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ہمراہ مجھل جھاؤ بیلہ شاہراہ کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	08:00
اہل تشیع فجر صبح	04:45
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	7:45

اراکین بلوچستان اسمبلی صنوبر کا پیچ سوچتے تو آج حالات قدرے بہتر ہوتے، وزیراعظم

بلوچستان کا رقبہ اتنا بڑا ہے کہ وہاں جب تک ایک علاقے کو دوسرے سے منسلک کرنے کے لیے سڑکوں کی تعمیر نہیں ہوگی وہاں ترقیاتی اقدامات نہیں کر سکتے، اگر ساری ترقی کوئٹہ میں ہی ہوتی ہے تو بلوچستان کبھی آگے نہیں آسکے گا

بلوچستان آج تک اس لیے ترقی نہیں کر سکا کہ جو حکومت اپنے 5 سال بعد انتخابات کا سوچے گی وہ کبھی بھی بلوچستان کو ترقی نہیں دے گی کہ اسی پیسے سے وہ وسطی پنجاب میں کام کر سکتے ہیں جو ان کے خیال میں الیکشن جیتنے کے لیے بہتر ہو سکتا ہے

بلوچستان میں میں مجھل جھاؤ بیلہ شاہراہ کی بحالی اور اپ گریڈیشن منصوبے کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے بھی خطاب کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اگر بلوچستان کے ارکان اسمبلی حلقہ انتخاب کی بجائے پورے صوبے کا سوچتے تو آج حالات قدرے بہتر ہوتے، پاکستان کے مقابلے میں بلوچستان میں سب سے زیادہ سڑکیں ضروری ہیں صوبے میں مواصلات کے بغیر ترقی ممکن نہیں، بلوچستان کا رقبہ اتنا بڑا ہے کہ وہاں جب تک ایک علاقے کو دوسرے سے منسلک کرنے کے لیے سڑکوں کی تعمیر نہیں ہوگی وہاں ترقیاتی اقدامات نہیں کر سکتے، اگر ساری ترقی کوئٹہ میں ہی ہوتی ہے تو بلوچستان کبھی آگے نہیں آسکے گا۔ بلوچستان آج تک اس لیے ترقی نہیں کر سکا کہ جو حکومت اپنے 5 سال بعد انتخابات کا سوچے گی وہ کبھی بھی بلوچستان کو ترقی نہیں دے گی کہ اسی پیسے سے وہ وسطی پنجاب میں کام کر سکتے ہیں جو ان کے خیال میں الیکشن

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

صوبے میں دور رس نتائج پر مبنی اصلاحات اٹھائی جا رہی ہیں، لیاقت شاہوانی

صوبے کی مجموعی ترقی جس میں انفراسٹرکچر کی تعمیر و مرمت سمیت سوشل اور پیداواری سیکٹر کو مربوط انداز میں ترقی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے کی مجموعی ترقی جس میں انفراسٹرکچر کی تعمیر و مرمت سمیت سوشل اور پیداواری سیکٹر کو مربوط انداز میں ترقی کے لیے عملی اقدامات اٹھا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

سندھ میں آئندہ حکومت پاکستان تحریک انصاف بنائے گی، وزیراعظم

عمران خان نے میر راجا خان کھوسو کی ڈیجک آباد کے لئے خصوصی پیکیج دینے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے جیکب آباد دورے کی دعوت قبول کر لی

جیکب آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ سندھ میں آئندہ حکومت پاکستان تحریک انصاف بنائے گی، سندھ کے عوام کی تکالیف کا احساس ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جیکب آباد سے تعلق رکھنے والے پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بھارت کی جانب سے مبینہ پاکستانی "عسکریت پسند" کی ہلاکت اور دوسرے کو گرفتار کرنے کی خبروں کو مسترد کرتے ہیں، پاکستان

پاکستان کنٹرول لائن پر ماحول کو خراب کرنے کی حالیہ بھارتی کوششوں پر بھی شدید تشویش میں مبتلا ہے، ترجمان دفتر خارجہ کا بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے مبینہ پاکستانی "عسکریت پسند" کی ہلاکت اور دوسرے کو گرفتار کرنے کی خبروں کو مسترد کرتے ہیں۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان نے بھارت کی جانب سے مبینہ پاکستانی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان مجھل جھاؤ بیلہ شاہراہ کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسد عمر اور آزاد کشمیر کے وزیراعظم کے درمیان ملاقات، کشمیر کے لئے ترقیاتی پیکیج پر تبادلہ خیال

آزاد کشمیر کے لئے بھی پاکستان کے دیگر علاقوں کی طرح جلد ترقیاتی پیکیج بنانے کا آغاز کیا جائے گا، وفاقی وزیر اسد عمر

ریاست بالخصوص تعلیم صحت جیسے شعبوں کے بجٹ کو ترجیحی شکل دی گئی، آزاد کشمیر کو ترقیاتی فنڈز میں زیادہ سے زیادہ حصہ دیا جائے گا، گورنر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر اور وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر سردار عبدالقیوم نیاز کے مابین ملاقات ہوئی جس میں آزاد جموں و کشمیر کے لئے ترقیاتی پیکیج پر تبادلہ خیال۔ وزیراعظم کے آزاد کشمیر کے مسائل کے حل کے لئے چیف سیکرٹری اے جے کے کی سربراہی میں کابینہ کمیٹی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ آزاد کشمیر کے لئے بھی پاکستان کے دیگر علاقوں کی طرح جلد ترقیاتی پیکیج بنانے کا آغاز کیا جائے گا۔ اسد

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

موبائل ویکسینیشن سے 3 لاکھ سے زائد ویکسین لگائی گئی ہیں، علی زیدی

پورٹ قاسم میں 87833 اور پی این ایس سی میں 48632 افراد کو ویکسین لگائی گئی، وفاقی وزیر بحری امور

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ موبائل ویکسینیشن سے 3 لاکھ سے زائد ویکسین لگائی گئی ہیں، ہمارا ہدف 10 لاکھ افراد کو ویکسین لگانے کا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر علی زیدی نے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

قلات میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

قلات (این این آئی) قلات میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

چمتر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

چمتر (این این آئی) چمتر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

لورالائی میں الماری گرنے سے 12 بچی جاں بحق

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں الماری گرنے سے 12 بچی جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر و وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا اہم اعلان

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے صدر نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انتخابات اگلے ماہ کرانے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر و وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک اہم پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اگلے ماہ بلوچستان عوامی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بجلی کی مین ٹرانسمشن لائن سے ٹکرا کر مزدور شدید زخمی تشویش ناک حالت میں کراچی منتقل کر دیا گیا

بیلا (آن لائن) بجلی کی مین ٹرانسمشن لائن سے ٹکرا کر مزدور شدید زخمی تشویش ناک حالت میں کراچی منتقل

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی برطانیہ کا تین روزہ دورہ مکمل کر کے واپس وطن پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی برطانیہ کا تین روزہ دورہ مکمل کر کے واپس

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ملک میں ویکسین وافر مقدار میں موجود ہے، ویکسین مہم کو آگے لے کر چلنا ہے، ڈاکٹر فیصل سلطان

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ ملک میں ویکسین وافر

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سرگودھا موٹر سائیکل سلپ ہونے سے گرنے والی خاتون کو آئل ٹینکر نے کچل دیا، موقع پر دم توڑ گئی

سرگودھا (این این آئی) موٹر سائیکل سلپ ہونے سے گرنے والی خاتون کو آئل ٹینکر نے کچل دیا جو موقع

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

راولپنڈی اسلام آباد سمیت آٹھ شہروں میں سینما کھولنے کی اجازت دے دی گئی، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ راولپنڈی اسلام آباد

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومتیں بلدیاتی حکومتوں سے متعلق اپنی ذمہ داری پوری کریں، عارف علوی

دنیا کی پرانی تہذیبیں دریاؤں کے آس پاس موجود تھیں، دریائے سندھ کی تہذیب میں بلدیاتی نظام کے آثار نظر آتے ہیں

بلدیاتی نظام سے جمہوریت مستحکم ہوتی ہے، اسلامی اصولوں کے تحت عوام کی نچلی سطح پر فلاح و بہبود میں مدد ملتی ہے، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے صوبائی حکومتوں پر زور دیا ہے کہ وہ بلدیاتی حکومتوں سے متعلق اپنی ذمہ داری پوری کریں، بلدیاتی نظام سے جمہوریت مستحکم ہوتی ہے جبکہ اسلامی اصولوں کے تحت عوام کی نچلی سطح پر فلاح و بہبود میں مدد ملتی ہے۔ مقامی حکومتوں سے متعلق قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر عارف علوی نے کہا کہ اس کانفرنس کے دوران مقامی حکومتوں سے متعلق اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، آئین پاکستان میں بھی کئی بار مقامی حکومتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست موثر بلدیاتی نظام کی ذمہ دار ہے اور اس کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اسلام آباد صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بی ٹی آئی تحریک عدم اعتماد کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیگی، عمران خان

بی اے پی کے ناراض ارکان کے تحفظات دور کئے جائیں، اگر پی ڈی ایم کی تحریک کامیاب ہوئی تو اس کے اثرات ملکی سیاست پر مرتب ہونگے

پاکستان تحریک انصاف ان کے خلاف پی ڈی ایم تحریک عدم اعتماد کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی، وزیراعظم

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے وزیراعلیٰ جام کمال کو یقین دہانی کرائی کہ پاکستان تحریک انصاف ان کے خلاف پی ڈی ایم تحریک عدم اعتماد کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی، بی اے پی کے ناراض ارکان کے تحفظات دور کئے جائیں، اگر پی ڈی ایم کی تحریک کامیاب ہوئی تو اس کے اثرات ملکی سیاست پر مرتب ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ذرائع کے مطابق اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ہمراہ سینیٹر میر سرفراز بگٹی، سینیٹر انوار الحق کاکڑ و دیگر تھے۔ وزیراعظم عمران خان سے ملاقات میں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی پسماندگی پچھلے کرپٹ حکومتوں کی ذمہ داری ہے جبکہ ہماری دن رات کوشش ہے کہ بلوچستان میں امن و امان سمیت

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بدقسمتی سے افغان حکومت کو جنرل اسمبلی سے کوئی ریلیف نہیں ملا، رحمان ملک

امریکی سینیٹرز کیطرف سے پاکستان مخالف بل پر عوام کو دکھ ہے، امریکہ بل واپس لیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ پاکستان کی قربانیاں دنیا کے ہر ملک سے زائد ہیں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر داخلہ اور چیئرمین انسٹی ٹیوٹ آف ریسرچ اینڈ ریفارمز (آئی آر آر) سینیٹر رحمان ملک نے کہا ہے کہ ان کے اور ہر پاکستانی کے لیے باعث تشویش ہے کہ سابق امریکی صدارتی امیدوار سمیت امریکی سینیٹرز کے ایک گروہ نے امریکی سینیٹ میں طالبان کی مدد پر پاکستان کیخلاف پابندیوں کا بل پیش کیا گیا ہے، افسوس کی بات ہے کہ یہ بل پاکستان کے نام کو اس سیکشن میں شامل کرتا ہے جس میں طالبان کو معاونت فراہم کرنے والے اداروں کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

روان سال 38 ارب ڈالر کی ایکسپورٹ کا ہدف رکھا گیا ہے، برآمدات بھی چالیس ارب ڈالر تک ہو سکتی ہیں، عبدالرزاق داؤد

اسلام آباد (این این آئی) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ رواں سال 38 ارب ڈالر کی ایکسپورٹ کا ہدف رکھا گیا ہے، برآمدات بھی چالیس ارب ڈالر تک ہو سکتی ہیں۔ اسلام آباد میں فرسٹ فارما سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ فارما انڈسٹری درست سمت کی جانب گامزن ہے،

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اقوام متحدہ سمیت پوری دنیا افغانوں کی مقروض ہیں، محمود خان اچکزئی

ہمارے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ زور آور ہے اگر سیاست کا شوق ہے تو میدان میں آئیں اور دیکھیں کہ ووٹ مانگنا کتنا مشکل کام ہے

ملک اس وقت انتہائی خطرناک صورتحال سے دوچار ہیں جس سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے، نائب صدر ڈی ایم

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و پی ڈی ایم کے نائب صدر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہمارے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ زور آور ہے اگر سیاست کا شوق ہے تو میدان میں آئیں اور دیکھیں کہ ووٹ مانگنا کتنا مشکل کام ہے، ملک اس وقت انتہائی خطرناک صورتحال سے دوچار ہیں جس سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے کہ بغیر کسی مداخلت کے صاف و شفاف انتخابات منعقد کرکے 20 کروڑ انسانوں کا پارلیمنٹ وجود لائیں امریکہ، چین کو پاکستان میں سرمایہ کاری سے روکنا چاہتی ہے تاہم چین، پاکستان اور ایران کے قتل کا امتحان ہے کہ وہ مخلصے کو بڑی جنگ سے کیسے بچا سکیں گے، تجویز ہے کہ پہلے افغانستان کا مسئلہ حل کرکے افغانوں کی آزادی اور خودمختاری تسلیم کی جائے، پاکستان میں پی ٹی ایم کے تحت حلف اٹھانے سے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

حکومت کی جانب سے ساتویں مردم شماری پر کام شروع

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ حکومت کی جانب سے ساتویں مردم شماری پر کام شروع کر دیا گیا اس حوالے سے وزارت منصوبہ بندی نے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دیں، ساتویں مردم شماری 31 اگست 2022 تک کرائے جانے پر غور

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ایم ڈی بیت المال ظہیر عباس کھوکھر کی اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے ملاقات، صوبائی میں عالم آباد و ویلفیئر ٹاؤن کے قیام پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ایم ڈی بیت المال ظہیر عباس کھوکھر نے اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے ملاقات کی جس میں صوبائی میں عالم آباد و ویلفیئر ٹاؤن کے قیام پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں سابق ایئر چیف کمیل امان بھی شریک ہوئے۔ اسد قیصر نے کہا کہ راشد میموریل ٹرسٹ کی سماجی شعبہ میں خدمات قابل تعریف ہیں۔

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

اسلام آباد چیئرمین نیب جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی سے خیبر پور جانے والے زائرین کی بس نوری آباد کے قریب خوفناک حادثے کا شکار، 15 افراد جاں بحق جبکہ 20 زخمی ہو گئے

حادثے میں کوچ کا اگلا حصہ تباہ ہو گیا ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث حادثہ پیش آیا، شہری کراچی کے علاقے انچولی میں پہنچنے پر کہرام مچ گیا

کراچی (این این آئی) کراچی سے خیبر پور جانے والے عزاداران امام حسین کی بس نوری آباد لوٹی کوٹ کے قریب خوفناک حادثے کا شکار ہو گئی، حادثے کے نتیجے میں 15 افراد جاں بحق جبکہ 20 زخمی ہو گئے۔ حادثے میں کوچ کا اگلا حصہ تباہ ہو گیا ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث حادثہ پیش آیا، شہری کراچی کے علاقے انچولی میں پہنچنے پر کہرام مچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق انچولی سوسائٹی سے 2 مسافر بسوں پر مشتمل عزاداروں کا قافلہ خیبر پور جا رہا تھا۔ نوری آباد کے قریب سے شاندار کوچ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

نمائشی منصوبوں کے بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، ضیاء لانگو

صوبے کے مالی امور میں شفافیت اور انتظامی امور میں میرٹ ہمارا نصب العین ہے، بلوچستان کے مختلف اضلاع کیلئے 7 بلین روپے مالیت 135 سڑکوں کیلئے رکھے گئے ہیں

لائیو اسٹاک، 1.7 بلین، محکمہ اطلاعات سمارٹ بلڈنگ 10 کروڑ اور ایک ارب کی لاگت سے ڈیزاسٹر پلیجیز، کے قیام کے علاوہ دیگر منصوبوں پر منظوری ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ہر شہر اور دیہات کی یکساں ترقی ہمارا ویژن ہے۔ صوبے کے مالی امور میں شفافیت اور انتظامی امور میں میرٹ ہمارا نصب العین ہے۔ وزیراعلیٰ جام کمال خان نے بلوچستان کے مختلف اضلاع کیلئے 7 بلین روپے مالیت 135 سڑکوں، لائیو اسٹاک، 7.1 بلین، محکمہ اطلاعات سمارٹ بلڈنگ 10 کروڑ اور ایک ارب کی لاگت سے ڈیزاسٹر پلیجیز، کے قیام کے علاوہ دیگر منصوبوں پر منظوری ہے جس کی وجہ سے عوام سے کیے گئے وعدے پورے کر رہے ہیں اور ہر شہری کو صحت، تعلیم کے یکساں اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں اور ہر وہ کام کر رہے ہیں جس کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ کبھی زبانی جمع خرچ نہیں کیا۔ نمائشی منصوبوں کی بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ ماضی میں ترقی محض کاغذوں میں تھی، اب ترقی زمین پر نظر بھی آتی ہے۔ تنقید برائے تنقید کرنے والے ہوش کے ناخن

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کے الیکٹرک اپنا سستا بجلی کا پلان جلد نیپرا کو جمع کرائے اور گیس کی فراہمی کے معاہدے پر اجلاس بلائے، چیئرمین نیپرا

ہمیں گیس کم پریشر پر ملی، ہم تمام ادائیگیاں بروقت کر رہے ہیں، سوئی سدرن گیس پریشر کو یقینی بنائے، سی ایف او کے الیکٹرک

صارفین کے الیکٹرک کے فیول کے مسائل کا بوجھ کیوں برداشت کریں؟ 2012 سے صارفین بوجھ برداشت کر رہے ہیں، ممبر پیرا سندھ

کراچی (این این آئی) چیئرمین نیپرا توصیف اشج فاروقی نے کے الیکٹرک کو ہدایت کی ہے کہ کے الیکٹرک اپنا سستا بجلی کا پلان جلد نیپرا کو جمع کرائے اور گیس کی فراہمی کے معاہدے پر اجلاس بلائے، جس میں نیپرا کے نمائندے شریک ہوں گے۔ نیپرا میں کے الیکٹرک کی فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر سماعت چیئرمین نیپرا توصیف اشج فاروقی نے کی جبکہ ممبر سندھ نیپرا رفیق شیخ، کے الیکٹرک حکام اور امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن پیش ہوئے۔ کے الیکٹرک

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سابق سینیٹر و فرانس کے اعزازی سفیر نوابزادہ سیف اللہ خان گھمن کی سابق وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

گندھاوا (نامہ نگار) سابق سینیٹر و فرانس کے اعزازی سفیر نوابزادہ سیف اللہ خان گھمن نے سابق وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے اگی رہائشگاہ پر ملاقات کی سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے نوابزادہ سیف اللہ خان گھمن کے اعزاز میں عشائیہ دیا پاکستان پیپلز پارٹی کے سیاسی مستقبل بالخصوص بلوچستان

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

عوام کو تعلیم، صحت، روزگار کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے، نور محمد دمڑ

فوری حل کی درخواست کی، صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام کو تعلیم، صحت، روزگار اور پینے کا صاف پانی کی فراہمی، روزگار کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے

عوام کے لئے آسانیاں پیدا کرنا اور ان کو زندگی کی بنیادی ضروریات ان کے دہلیز پر فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر

زیارت (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای/ داسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ عوام کے لئے آسانیاں پیدا کرنا اور ان کو زندگی کی بنیادی ضروریات ان کے دہلیز پر فراہم کرنا اولین ترجیح ہے حلقے کے عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ہمیں ووٹ دیا ان کی خدمت کرنا ہمارا اصل مقصد ہے اور ہم اپنے اس مقصد سے قطعاً پیچھے نہیں ہٹیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت زنمدرہ میں حاجی ملک محمد نوت آغا کے رہائشگاہ پر حلقے کے عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، جنہوں نے انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے حل کی درخواست کی، صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام کو تعلیم، صحت، روزگار اور پینے کا صاف پانی کی فراہمی، روزگار کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے اور حکومت اپنی ذمہ داری سے بخوبی آگاہ ہے،

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

امریکی کمپنی یونائیٹڈ ایئر لائنز نے ویکسین نہ لگوانے والے 600 ملازمین کو نکال دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی یونائیٹڈ ایئر لائنز نے اپنے ایسے 600 ملازمین کو نوکری سے فارغ کر دیا ہے جو کووڈ انیس سے بچاؤ کی ویکسین نہیں لگوانا چاہتے تھے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ان میں صرف دس ملازمین شامل ہیں جنہیں صحت یا مذہبی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

امریکا افغانستان میں ڈرون پروازیں بند کرے ورنہ نتائج کے لیے تیار رہے، طالبان

افغانستان میں ڈرون پروازیں بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں، ترجمان ذبیح اللہ مجاہد

کابل (این این آئی) طالبان نے امریکا کو خبردار کیا ہے کہ افغانستان کی فضائی حدود میں ڈرون پروازیں بند کرے ورنہ اسے نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق طالبان نے ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا کہ افغانستان میں امریکی اتحاد کے باوجود بدستور اس کی ڈرون پروازیں جاری ہیں جو نہ صرف تمام بین الاقوامی حقوق اور قوانین بلکہ قطر کے دارالحکومت دوحہ میں طالبان سے کیے گئے وعدوں کی بھی خلاف ورزی ہیں۔ طالبان حکومت امارت اسلامیہ افغانستان

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی کو پراجیکٹ ڈائریکٹر جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکیج پر بریفنگ دے رہے ہیں

ایسا نظام ہو ملک میں انصاف ملے، ایسا نظام نہ ہو کہ تین بار کے وزیراعظم کو جیل میں ڈالا جائے، مریم نواز

محمد زبیر میرے ترجمان ہیں اور رہیں گے، چیئرمین نیب کی توسیع آئین کے دائرہ اختیار میں ہونا چاہیے، فیصلہ پارلیمان کرے گی، میڈیا سے غیر رسمی گفتگو

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ ایسا نظام ہو ملک میں انصاف ملے، ایسا نظام نہ ہو کہ تین بار کے وزیراعظم کو جیل میں ڈالا جائے، محمد زبیر میرے ترجمان ہیں اور رہیں گے، محمد زبیر اور ان کی بیگم کو کئی بار دھمکیاں دی گئیں، مجھے کوئی دھمکی نہیں دیتا پہلے آئی تھی تو نواز شریف نے بھرپور جواب دے دیا تھا، چیئرمین نیب کی توسیع آئین کے دائرہ اختیار میں ہونا چاہیے اس کا فیصلہ پارلیمان کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار مریم نواز نے ماڈل ٹاؤن

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اسلام آباد اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ای وی ایم مکمل طور پر شفاف الیکشن کروائیگا باہر رہنے والوں کو بھی آئی ووٹنگ کے ذریعے ووٹنگ کا موقع فراہم کریگی، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

اگلے دو سالوں میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکنالوجی کے سیکٹر میں مزید لوگوں کو جائز کے موقع فراہم کریگی، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ای وی ایم مکمل طور پر شفاف الیکشن کروائیگا باہر رہنے والوں کو بھی آئی ووٹنگ کے ذریعے ووٹنگ کا موقع مل سکے گا، اگلے دو سالوں میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکنالوجی کے سیکٹر می

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

30 ستمبر 2021ء

مواصلات کے بغیر ترقی ممکن نہیں

پاکستان کے مقابلے میں بلوچستان میں سب سے زیادہ سڑکیں ضروری ہیں صوبے میں مواصلات کے بغیر ترقی ممکن نہیں، بلوچستان کا رقبہ اتنا بڑا ہے کہ وہاں جب تک ایک علاقے کو دوسرے سے منسلک کرنے کے لیے سڑکوں کی تعمیر نہیں ہوگی وہاں ترقیاتی اقدامات نہیں کر سکتے، اگر ساری ترقی کوئٹہ میں ہی ہونی ہے تو بلوچستان کبھی آگے نہیں آسکے گا۔ بلوچستان آج تک اس لیے ترقی نہیں کر سکا کہ جو حکومت اپنے 5 سال بعد انتخابات کا سوچے گی وہ کبھی بھی بلوچستان کو ترقی نہیں دے گی کہ اسی پیسے سے وہ وسطی پنجاب میں کام کر سکتے ہیں جو ان کے خیال میں الیکشن جیتنے کے لیے بہتر ہوسکتا ہے۔ ن لیگ کے دور میں بننے والی سڑکوں کی نسبت 20 کروڑ روپے کم لاگت میں سڑکیں بنا رہے ہیں سابق دور میں سڑکوں کی تعمیر میں کرپشن کی تحقیقات کا کہا ہے۔ ایف آئی اے کو پورا مینڈیٹ دیا ہے کہ وہ تحقیقات کر کے حقائق قوم کے سامنے لائے اور قومی سرمائے کے ضیاع کے ذمہ داروں کا تعین کرے۔ جھل جھاؤ، بیلہ شاہراہ بلوچستان کے مختلف علاقوں کو ملانے کیلئے انتہائی اہم منصوبہ ہے۔ بلوچستان میں بھی اگر شاہراہوں پر اسی طرح توجہ دی جائے تو یہاں پر سیاحت کے وسیع مواقع ہیں۔ بلوچستان پاکستان کے کل رقبے کا 40 فیصد ہے۔ اس کو ماضی میں نظر انداز کیا گیا کیونکہ جو حکومتیں اپنی مدت اور انتخابات کو مدنظر رکھتی ہیں وہ بلوچستان کی ترقی میں دلچسپی لینے کی بجائے جہاں سیاسی فائدہ زیادہ ہو وہاں ترقی کے لئے اقدامات اٹھاتی رہیں۔ اسی لئے بلوچستان پیچھے رہ گیا۔ ہماری حکومت نے 70 سال میں پسماندہ رہ جانے والے علاقوں کو ترقی دینے کو اپنی ترجیح بنایا ہے۔

سیاحت کا عالمی دن اور چار کھرب ڈالر کا نقصان

ڈاکٹر جمشید نظر

ورلڈ اکنامک فورم کی 2019 کی رپورٹ میں اس بات کی نشاندہی کی گئی تھی کہ آئندہ 10 سال میں سیاحت کے شعبے میں مزید وسعت آئے گی اور دنیا بھر کے ممالک کی معاشی ترقی میں سب سے بڑا حصہ سیاحت کا ہوگا لیکن جب کورونا کی وبا دنیا میں پھیلی تو معاشی ترقی کے حوالے سے ماہرین کے پیش کردہ تمام تر تصورات اور اندازے غلط ثابت ہوگئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق کورونا کی وجہ سے عالمی سیاحت کو شدید نقصان پہنچا ہے کیونکہ دنیا بھر میں سفری پابندیوں اور کورونا کے خوف کی وجہ سے بین الاقوامی سطح پر سیاحوں کی تعداد میں غیر معمولی کمی واقع ہوئی جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر اربوں، کھربوں ڈالر کا معاشی نقصان ہوا اور اس شعبے سے وابستہ نوکریاں اور روزگار کے مواقع بھی ختم ہوگئے۔ ورلڈ ٹورازم آرگنائزیشن کی رپورٹ کے مطابق کووڈ۔ 19 کے سیاحت پر ہونے والے اثرات کے نتیجہ میں عالمی معیشت کو چار کھرب ڈالر کا نقصان پہنچے گا جس میں سب سے زیادہ نقصان ترقی پذیر ممالک کو ہوگا۔ اقوام متحدہ کی عالمی سیاحت کی تنظیم (یو این ڈبلیو ٹی او) کے اعداد و شمار سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ کورونا کی وجہ سے سیاحت سے وابستہ 100 سے 120 ملین افراد کے روزگار اور کاروبار ختم ہونے کا خطرہ ہے جبکہ اقوام متحدہ کی تجارت اور ترقیاتی کانفرنس میں عالمی جی ڈی پی میں 5.1 سے 8.2 فیصد کے نقصان کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ سیاحت کے شعبے میں مالی اعانت ختم ہونے کی وجہ سے جنگلی حیات کے تحفظ کے اقدامات اور دنیا کے ثقافتی ورثے کا تحفظ بھی خطرے میں پڑ گیا ہے۔

سیاحت کے شعبہ کے تمام تر بحرانوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال 27 ستمبر کو سیاحت کا عالمی دن بڑے اہتمام کے ساتھ منایا گیا تاکہ دنیا کو یہ باور کرایا جاسکے کہ کسی بھی ملکی معیشت کی ترقی کے لئے سیاحت کا فروغ کس قدر ضروری ہے۔ سیاحت کی اہمیت کے پیش نظر اس عالمی دن کا موضوع "جامع ترقی کے لئے سیاحت" (Tourism for inclusive Growth) رکھا گیا ہے۔ سیاحت کی تاریخ کا سب سے بڑا بحران اس سال بھی جاری ہے۔ سن 2019 کے مقابلے میں عالمی سیاحت 58 فیصد جبکہ سن 2020 کے مقابلے میں 65 فیصد کم ہوئی ہے۔ سیاحت کے ماہرین کا کہنا ہے کہ کورونا کی وبا سے پہلے سیاحت کے ماحول کو دوبارہ اسی حالت میں لانے کے لئے سن 2023 یا اس سے بھی زیادہ عرصہ درکار ہوگا تاہم کورونا ویکسین نے سیاحت کو دوبارہ زندہ کرنے کی امید پیدا کردی ہے۔ پاکستان کا شمار دنیا کے ان چند ممالک میں ہوتا ہے جہاں ایڈونچر ٹورازم، قدرتی خوبصورتی، نظارے، مذہبی سیاحت اور تاریخی مقامات بھرے پڑے ہیں۔ یہاں ہندوؤں کے تاریخی مندر، سکھوں کے قدیم مذہبی مقامات اور بدھ مت کی تاریخی نشانیاں ٹیکسلا اور گندھارا کی قدیم تہذیبوں کی صورت میں موجود ہیں اس کے علاوہ صدیوں پرانی تہذیب کے آثار قدیمہ، ثقافت اور صوفی ازم بھی سیاحوں کی خصوصی دلچسپی کا مرکز ہیں۔ ملک کے دلکش قدرتی مناظر کے بیشتر علاقے شمالی علاقہ جات میں واقع ہیں ان میں مشرق کے سوئٹزر لینڈ "وادی سوات" کے علاوہ رومان پرور وادی کاغان، نگیات، وادی کیلاش، وادی ہنزہ اور شنگریلا وغیرہ ملکی وغیر ملکی سیاحوں کی خاص توجہ کے مرکز ہیں۔ پاکستان میں کے ٹو، نانگا پربت، چترال، اسکردو، گلگت، ہنزہ، سوات، ہزارہ، مری اور کشمیر کے پہاڑی سلسلے سیاحوں کے لیے کشش کا باعث ہیں اور ملکی معیشت میں اضافے کا ذریعہ بھی ہیں۔

دنیا بھر کی طرح پاکستان بھی کورونا سے پیدا ہونے والے بحران سے نکلنے کے لئے سیاحت کو فروغ دے رہا ہے، صوبائی محکمہ سیاحت کی تین سالہ کارکردگی رپورٹ کے مطابق پنجاب میں سیاحت کے فروغ کے لئے بے شمار اقدامات کئے گئے جن میں سے چند یہ ہیں۔ پنجاب میں تین زون کا قیام، 11 سیاحتی مقامات کا تحفظ، بین اقوامی طرز پر 170 سائن بورڈ نصب، پی ٹی پی پراجیکٹ کے تحت سڑکوں کا 80 فیصد کام مکمل، گجرات اور چکوال میں نئے عجائب گھر قائم، پندرہ سیاحتی مقامات پر عوامی سہولتیں کی فراہمی، پتریاٹہ اور کیوٹ میں گلیمپنگ پاڈز نصب، بدھا ٹریل کا قیام، جہلم میں مسجد افغانہ اور گردوارہ بھائی کرم سنگھ میں وائلڈ سٹی اتھارٹی کا قیام، قلعہ رہتاس میں واکنگ ٹریک، سوری میوزیم اپ گریڈیشن، ریسٹ ایریا، سڑک کی تعمیر، ملکہ جوگیاں پر ہائیکنگ ٹریک اور جیپ ٹریک، چکوال میں پارک وے اور ملوٹ ٹیمپل کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ امید ہے کورونا ویکسین اور حکومتی اقدامات کی بدولت ملک میں سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور معیشت کی بحالی میں مدد ملے گی۔

روٹی کا سوال ہے بابا!

احمد جواد بٹ

کورونا کے بعد دنیا ایک نئے تجربے سے گزر رہی ہے۔ جی ہاں بغور تجزیہ کیا جائے تو فی الواقع سب کچھ بدل چکا ہے غریب، غریب تر اور امیر امیر ترین! سفید پوش طبقہ قریباً ختم ہوا چاہتا ہے درمیانہ طبقہ؟ دیکھنے میں تو ہے، مگر ایسے، جیسے نہیں! ان دنوں سب سے بڑا مسئلہ روٹی ہے اردو کے کسی شاعر نے سب سے چھوٹی نظم لکھی تھی، جس کا پہلا مصرع "پیسے" اور دوسرا "کیسے" ہے آج کل اس کی نثری صورت گویا یوں ہوگئی روٹی؟ لیکن کیسے؟ اس دوران پاکستان کا اقتصادی نقشہ کچھ زیادہ ہی ابتر ہوا معاشرے میں ذرہ بھر بھی توازن باقی نہیں رہ گیا خدا نہ کرے کہ روٹی کی تلاش میں اپنے عوام کی قسمت کھوٹی ہو جائے اف اوپر سے مہنگائی یہی نہیں کہ بھوک سے لوگ عشق کی روایات بھولتے جاتے ہیں، بلکہ ایمان کی اقدار کا تحفظ بھی بہت محال ہو چکا ہے اکثر کاروبار ٹھپ ہو گئے بلاخوف و تردید کہا جا سکتا ہے مہنگائی کا طوفان سر سے بھی گزر گیا ہوا ہے تنی دنیا میں آن لائن بزنس کو البتہ بڑھاوا ملا ہے امریکن ملٹی نیشنل آن لائن بزنس ایمزون کمپنی نے تقریباً آٹھ ماہ ہوئے ہیں پاکستان میں منسٹری آف کامرس انڈسٹری سے معاہدہ کیا ہوا ہے ان کا کوریئر سروس کمپنی سے بھی معاملہ طے پا گیا تھا اکثر لوگ اب اپنے کاروبار کی حیثیت و صلاحیت سے محروم ٹھہرے ہیں، چونکہ سرکاری و نجی ملازمتوں کا سلسلہ بڑی حد تک بند ہو چکا ہے۔

لہٰذا اس ماحول میں اگر ایمزون کا آغاز ہو جاتا تو حالات واقعات کسی حد تک سدھر سکتے تھے لاکھوں افراد کو باعزت روزگار بہم پہنچتا ارباب اختیار و اقتدار کا اس بارے میں عملی اقدام اٹھانا اس لئے بھی ضروری ہے کہ متعدد نوسر باز اور فراڈیے ایمزون کمپنی کے نام پر میدان میں موجود ہیں اور سادہ لوح لوگوں کو اپنی بیہودہ لوٹ کھسوٹ کا نشانہ بنا رہے ہیں جانے کتنوں کو مالی ہیس کا شکار کیا جا رہا ہے منی لانڈرنگ، ٹیکس چوری، جعلی پاسپورٹ کا مکروہ دھندا عروج پر ہے اس کے سبب ٹیب اور ایف آئی اے کا فوری حرکت میں آنا ناگزیر ہے نہیں تو جلد ہی ایک بہت بڑا مالی فراڈ/ سکینڈل منظر عام پر آیا چاہتا ہے ظاہر ہے کوئی ایسی صورت وزیر اعظم عمران خان کی حکومت کے لئے ایک جھٹکا ہوگی اور دولت کا تخمینہ 5,185 بلین ڈالرز ہے، اس کے ساتھ دولت مند افراد کی فہرست میں اول آئے ہیں کہا یہ جاتا ہے کہ کسی سرمایہ دار کے ساتھ جڑ جانا بھی ایک طرح کا سرمایہ ہے گوشل ویلیج میں ای کامرس سے آنکھیں چرانا محض تضیع اوقات ہے آخر ہم ایسا کیوں اور کب تک کرتے رہیں گے؟ واقعات کا تقاضہ ہے کہ کاروباری حلقوں کو اندھے کنویں سے نکال باہر کیا جائے اور عام افراد کو "خاص" چہروں کی دستبرد سے محفوظ رکھا جائے باشعور کاروباری شعبے میں یہ احساس نہایت تیز رفتاری کے ساتھ جاگزیں ہو رہا ہے کہ اس پس منظر میں مزید تاخیر تباہ کن ہوگی سیاسی اختلاف اپنی جگہ، حقیقت لیکن یہ ہے کہ اگر وزیر اعظم عمران خان بے لوث محب وطن ہیں پھر عوام یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ اس کام میں اتنی دیر کیوں؟ ڈھونڈا جانا چاہئے کہ اس اہم مالی معاملے کو لٹکانے اور اٹکانے کا ذمہ دار کون ہے اور کیوں؟ واقعی کورونا کے بعد دنیا ایک نئے تجربے سے گزر رہی ہے جی ہاں! سب کچھ بدل چکا ہے وقت کی دیوار پر سب سے بڑا سوال "روٹی" ہی کا لکھا ہے اس کا جواب کیسے میں پوشیدہ ہے کوئی تو ہو، جو قوم کو کچھ بتلائے، سمجھائے اور راہ دکھائے اب نہیں تو کب؟ آپ نہیں تو کون؟؟

خدارا! حقائق کا ادراک کریں!

چوہدری خادم حسین

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس جاری ہے۔ دنیا بھر کے رکن ممالک کے وفود ان کے وزراء خارجہ کی قیادت میں شرکت کر رہے ہیں، روایت کے مطابق رکن ممالک کے سربراہ بھی خطاب کرتے ہیں اور عموماً آغاز امریکہ کے صدر کی تقریر سے ہوتا ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے کوئی خاص نئی بات تو نہیں کی۔ لیکن ان کے خطاب سے یہ ضرور ظاہر ہوا کہ افغانستان 20 سالہ جنگ ہارنے کے بعد بھی امریکہ نے خوشدلی سے شکست قبول نہیں کی اور اب ایک نئے انداز کی لڑائی شروع کر دی ہے، یہ معاشی حملہ ہے، افغانستان کے مرکزی بنک والے اربوں ڈالر کے اثاثے منجمد کر دیئے ہیں اور طالبان پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ وہ وسیع البنیاد حکومت بنائیں۔ امریکہ چاہتا ہے کہ اس آڑ میں ان کے حامی بھی کابینہ کا حصہ بنیں، اس سلسلے میں پاکستان پر پھر سے اثر استعمال کیا جا رہا ہے اور ہمارے وزیر خارجہ اور وزیر اعظم یہی فارمولا دہرا کر کہتے ہیں کہ پاکستان بھی وسیع البنیاد حکومت کے حق میں ہے، طالبان ایک سے زیادہ مرتبہ یہ کہہ چکے ہیں کہ وہ ایسی حکومت خود بنائیں گے ان پر دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا۔ یہ درست بھی ہے کہ طالبان فاتح ہیں اور وہ ان حضرات کو امور مملکت میں کس طرح شامل کر لیں جو اتحادی فوجوں کے ساتھ طالبان کے خلاف کام کرتے رہے، اگر مزید غور کرنا ہے تو حالیہ بیان دیکھ لیں جس میں طالبان حکومت کے ترجمان نے کہا کہ فاتح مجاہدین نے حکومت بنا لینے کے بعد عام معافی کا اعلان کیا ہے۔ اس لئے کسی طالب مجاہد کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ از خود کسی کے خلاف کارروائی کرے، حکمران جماعت اور حکومت کی طرف سے تعلیم کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ خواتین کے حوالے سے کہا گیا کہ ان کو بھی حقوق حاصل ہیں اور جلد ہی اسلامی احکام کے مطابق ان کی تعلیم اور معاشرتی حیثیت کا تعین کر دیا جائے گا اور یہ ان کا حق ہے جس کا احترام کیا جانا چاہئے اب تو طالبان نے علاقائی نسلی، لسانی اور مسلک کی بنیاد پر بھی کابینہ میں نمائندگی بڑھا دی ہے۔ اب مزید اعلان کیا گیا ہے کہ جرائم کے انسداد اور ارتکاب کرنے والوں کو بھی شرعی سزائیں دی جائیں گی کہ دوسروں کو عبرت ہو، ضرورت اس امر کی ہے کہ طالبان سے تعاون اور ان کی مدد کی جائے اور انکار کیا جائے کہ وہ اگلے فیصلے کیا کرتے ہیں، یقیناً کسی نہ کسی خاتون کو ضرور شامل اقتدار کیا جائے گا۔ اندازہ ہوتا ہے کہ یہ بھی خواتین کے معاشرتی حقوق کے حوالے سے فیصلے کا حصہ ہوگا۔ اس لئے اگر ہم یا دنیا کے دوسرے ممالک اپنی روایات اور معاشرت کو مسلط کرنا چاہیں تو یہ قرین انصاف نہیں، افغانیوں کی اپنی ثقافتی روایات بھی ہیں اور پھر امارت اسلامی قائم کی گئی ہے۔ لہٰذا ان سے اگر توقعات رکھنا ہیں تو بہتر ہوگا کہ ان کے اصولوں کا بھی احترام کیا جائے۔ یہ بات درست ہے کہ اگر افغانستان معاشی طور پر مستحکم نہ ہوا تو دنیا کے لئے پریشانی ہی کا سبب بنے گا۔ اس لئے پاکستان کو بھی چاہیے کہ دنیا کے پیچھے لگنے کی بجائے حقیقت پسندانہ موقف ہی اختیار کیا جائے۔ جہاں تک حال ہی میں جلال آباد میں دھماکوں کا معاملہ ہے تو جنہوں نے فتح حاصل کی اور چالیس سال پہاڑوں اور جنگلوں میں گزارے وہ ایسی دہشت گردی بھی روک ہی لیں گے۔ اس لئے طالبان سے مغربی اطوار یا لبرل ازم کی توقع عبث ہے۔ جہاں تک وزیر اعظم کے ورچوئل خطاب اور شاہ محمود قریشی کی مصروفیات کا تعلق ہے تو نوے کی دہائی میں افغانستان میں طالبان کی حکومت تھی۔ میں ایک مقامی کالج میں پڑھاتا تھا۔ ایک پاکستانی لوگ بھی عجیب ہیں۔ افغانستان کی بدلتی صورت حال کی شاید افغانوں کو اتنی تشویش نہیں جتنی ہمارے لوگوں کو ہے۔ جہاں کوئی دوست ملتا ہے پہلا سوال یہی ہوتا ہے کہ افغانستان کے کیا حالات ہیں۔ پھر تبصرے، تجزیے اور مشورے یوں دیتے ہیں جیسے مشیر خاص مقرر ہو گئے ہوں۔ میں سیاست اور سیاسی حالات پر کم بات کرتا ہوں مگر ایسے بے لاگ اور بے تکے تبصروں، سمجھ نہ آنے والے تجزیوں اور حکومت افغانستان کو دیئے گئے ایسے مفت مشوروں کا، جو دینے والے کی ذات تک ہی محدود ہوتے ہیں، کو پوری طرح سنتا اور مزے لیتا ہوں۔ ایسی جاہلانہ ذہانت میں دلچسپی کا بہت سامان ہوتا ہے۔ ٹی وی ٹاک شوز میں ایسی جہالت کا درجہ قدرے بلند ہوتا ہے مگر سڑکوں، گلیوں تھڑوں اور عام محفلوں میں ظرافت کا بہت اہتمام ہوتا ہے۔ نوے کی دہائی میں افغانستان میں طالبان کی حکومت تھی۔ میں ایک مقامی کالج میں پڑھاتا تھا۔ ایک پاکستانی لوگ بھی عجیب ہیں۔ افغانستان کی بدلتی صورت حال کی شاید افغانوں کو اتنی تشویش نہیں جتنی ہمارے لوگوں کو ہے۔ جہاں کوئی دوست ملتا ہے پہلا سوال یہی ہوتا ہے کہ افغانستان کے کیا حالات ہیں۔ پھر تبصرے، تجزیے اور مشورے یوں دیتے ہیں جیسے مشیر خاص مقرر ہو گئے ہوں۔ میں سیاست اور سیاسی حالات پر کم بات کرتا ہوں مگر ایسے بے لاگ اور بے تکے تبصروں، سمجھ نہ آنے والے تجزیوں اور حکومت افغانستان کو دیئے گئے ایسے مفت مشوروں کا، جو دینے والے کی ذات تک ہی محدود ہوتے ہیں، کو پوری طرح سنتا اور مزے لیتا ہوں۔ ایسی جاہلانہ ذہانت میں دلچسپی کا بہت سامان ہوتا ہے۔ ٹی وی ٹاک شوز میں ایسی جہالت کا درجہ قدرے بلند ہوتا ہے مگر سڑکوں، گلیوں تھڑوں اور عام محفلوں میں ظرافت کا بہت اہتمام ہوتا ہے۔ نوے کی دہائی میں افغانستان میں طالبان کی حکومت تھی۔ میں ایک مقامی کالج میں پڑھاتا تھا۔ ایک صاحب لاہور سے باہر کسی قصبے کے کالج سے تبدیل ہو کر ہمارے کالج آ گئے۔ کالج میں ہم تین چار ریاضی کے لوگوں کو جو کمرہ ملا تھا ایک تو وہ دوسرے کمروں سے نسبتاً بڑا تھا، دوسرا اس میں کچن اور ایک باتھ بھی تھا۔ دس گیارہ بجے چائے کی محفل ہوتی اور کالج کے بہت سے استاد ہمارے شریک محفل ہوتے جن میں وہ نئے استاد بھی شامل تھے۔ قدرے چھوٹا قد، لمبی داڑھی، عوامی سوٹ پہنے وہ پاس بیٹھے مسکراتے رہتے۔ میں نے بارہا کوشش کی کہ موصوف کوئی بات کریں مگر وہ میرے ہر وار سے خود کو بچا جاتے اور سب کو یہی لگتا کہ شاید گونگے اور بہرے ہیں۔ کچھ بھی کہیں وہ مسکرا کر منہ دائیں بائیں کر لیتے مگر جواب دینے سے گریز کرتے۔ میں بھی چھیڑ چھاڑ کا کوئی موقع نہ جانے دیتا مگر ان کے پرسکون رویے سے ہمیشہ مایوسی کے سوا کچھ نہ ملتا۔

ایک دن ہم لوگ چائے پی رہے تھے کہ باہر سے ایک دوست ملنے آ گئے۔

باتیں کرتے پتہ نہیں انہیں کیا خیال آیا مجھے پوچھنے لگے کہ یار بتاؤ افغانستان کی کیا صورت حال ہے۔ میں ظاہراً غیر سیاسی بندہ کیا جواب دیتا۔ اچانک میری رگ ظرافت پھڑکی۔ میں نے کہا کہ بھائی مجھے تو اتنا نہیں پتہ لیکن آج خوش قسمتی سے افغانستان کے فلاں مشہور لیڈر کے چھوٹے بھائی ہمارے پاس بیٹھے ہیں۔ میں نے ان کے نام کے لاحقے کو بدل کر اس مشہور لیڈر کے نام کا لاحقہ ان کے نام سے جوڑ دیا۔ اور اپنے دوست کو کہا کہ ان سے پوچھو، یہ آپ کو زیادہ بہتر بتا سکتے ہیں۔ میرا خیال تھا کہ موصوف روز بروز اور ہمارے اعتراض نہلے پر ایسا دہلا پھینکا کہ جس کی ہمیں قطعاً توقع نہ تھی کہنے لگے کہ مہنگائی اتنی نہیں ہے جتنا شور ہے۔

وضاحت ایک واقعہ بیان کر کے کی بتایا کہ بھنڈور میں صوبہ سرحد سے جمعیت علمائے اسلام کے ایک درویش صفت ایم این اے مولانا غلام غوث ہزاروی ہوتے تھے۔ پارٹی کے سربراہ تو مولانا فضل الرحمن کے والد مولانا مفتی محمود تھے تاہم مولانا غلام غوث ہزاروی اپنے علم، مرتبے میں خاصے بلند تھے ان سے ایک بار ملاقات ہوئی تو عرض کی کہ مولانا زندگی اجیرن ہو گئی ہے۔ مہنگائی نے جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اپوزیشن میں ہونے کے باوجود کہنے لگے کہ مہنگائی اتنی نہیں بڑھی جتنی ہم نے اپنی ضروریات بڑھائی ہیں۔ مثال دے کر کہنے لگے کہ میرے گھر میں پہلے بھی روزانہ ایک روپے کی دال پکتی تھی (واہ کیا سستا زمانہ تھا) اب بھی ایک روپے کی دال پکتی ہے۔ فرق صرف یہ پڑا ہے کہ پہلے ہنڈیا میں پانی زیادہ ڈالتے تھے اب ذرا زیادہ ڈال لیتے ہیں گزارہ ہو جاتا ہے۔ کھانا الحمدللہ کھایا جاتا ہے۔ بچوں کو وہ وقت کی روٹی، سکول کی فیس، کتابیں، کاپیاں، یونیفارم دینا ذرا ذرا خواب بن رہا ہے۔ آپ دال میں پانی زیادہ ڈالنے کا مشورہ دے رہے ہو؟ ہماری تقریر شاید لمبی ہو جاتی۔ شائی شاہ نے کھنکورا مار کر چپ کرنے کا اشارہ کیا اور خود بولنے کا جواز اور منطق ہے۔ افغانوں سے یہ امید رکھنا کہ وہ سویڈن کی طرح کی مادر پدر آزادیوں کو قبول کر لیں گے گویا دن دہاڑے خواب دیکھنا ہے۔ اشرف غنی اس احمقانہ روش پر گامزن تھا لیکن طالبان ایسا ہرگز نہیں کریں گے"۔

"ایک اور بات بھی ذہن میں رکھئے کہ طالبان نے جب سارے ملک کا کنٹرول سنبھالا تو کہیں بھی کوئی لڑائی بھڑائی نہیں کی۔ نام نہاد "افغان نیشنل آرمی (ANA)" آسانی سے بکھر گئی اور طالبان کو گلے لگا لیا اور بعض نے تو طالبان فورسز میں شمولیت بھی اختیار کر لی۔ کس کو خبر نہیں کہ اگر کسی مزاحمتی تحریک کی پشت پر عوام کی تائید شامل نہ ہو تو وہ تحریک بھی کامیاب نہیں ہو سکتی؟"

"طالبان کی یہ کامیابی ان کے تخلوط (All Inclusive) ہونے کا ثبوت ہے۔ فرانسیسی، بالشویک، امریکی، سعودی، ایرانی اور چینی تحریکوں نے اپنے مخالفین کو بے دریغ قتل کیا اور تب جا کر کامیابی حاصل کی لیکن طالبان نے تو سب کو عام معافی دے دی۔ آپ ذرا دماغ پر زور دیں اور اس سوال کا جواب ڈھونڈیں کہ طالبان دل کے زیادہ غنی اور طبیعت کے زیادہ فیاض تھے یا جدید جمہوریاؤں کے داعی؟"

"چشم فلک نے آج تک انسانی تاریخ میں یہ منظر نہیں دیکھا۔ اگر یہ منظر All Inclusive نہیں تو پھر اور کیا ہے؟" (ختم شد)

طالبان کے نام ایک خط (2)

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

حکومت کو ایک انقلابی حکومت اس لئے کہا گیا ہے کہ انڈیا کی 70 سالہ تاریخ میں پہلی بار غاشت ہندوتوا کی ایسی حکومت قائم ہوئی جس میں مسلمانوں، سکھوں اور دوسری اقلیتوں کی کوئی نمائندگی نہیں تھی..... اسی طرح سعودی عرب میں بھی جب آل سعود نے حکومت سنبھالی تو شیعہ آبادی کا تناسب 25 فیصد تھا۔ کسی نے بھی سعودیوں کو یہ نہیں کہا تھا کہ وہ اپنی "تخلوط حکومت" میں اہل تشیع کو بھی شامل کریں..... اس کے بعد آگے چل کر مصطفین نے موجودہ طالبان حکومت کی سپورٹ اور تخلوط حکومت کے رد میں جو دلائل دیئے ہیں ان کا انداز استدلال بھی ملاحظہ کیجئے:

"اگر درج بالا سات مثالوں میں امریکہ، روس، فرانس، چین، سعودی عرب، ایران اور انڈیا میں حکومتوں کی تبدیلی میں کسی بھی طرف سے بین الاقوامی برادری نے تخلوط حکومت کی آواز نہیں اٹھائی تو طالبان کی حکومت کے ضمن میں اقوام عالم کے پاس کیا جواز اور کیا منطق رہ جاتی ہے کہ وہ طالبان کو یہ کہیں کہ اپنی حکومت میں ان عناصر کو بھی شامل کرو جنہوں نے طالبان مخالف غیر ملکی فورسز کا ساتھ دیا تھا اور ان کی اعانت اور امداد کی تھی"۔

"کسی بھی انقلابی حکومت کے قیام کی بات اس وقت کی جاتی ہے جب ریاست میں استحکام کی فضا مکمل طور پر قائم ہو جائے۔ پچھلی حکومت کے عناصر کو نئی حکومت میں باقی رکھنا گویا فتح کا لم کو اپنی صفوں میں زندہ رکھنا اور اپنی نصف صدی کی اس جدوجہد کو خاک میں ملانا ہے جو طالبان نے غیر ملکی عناصر کو اپنے دیس سے نکالنے میں صرف کی۔ اگر کسی انسان کو کینسر کا مرض لاحق ہو اور اس کا علاج آپریشن ہو اور سرجن کو کہا جائے کہ سرطان کے سارے نشوز مریض کے بدن سے نہ کاٹے جائیں بلکہ ان میں سے بعض کو اس لئے باقی رکھا جائے کہ بعد میں ان کی ضرورت پیش آسکتی ہے عجیب منطقہ خیز بات ہوگی"۔

"ریاست (State) آبادی کے ایک گروپ کا نام ہے جس کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ تشدد کے 'جائز حق' کو بھی جس طرح چاہے، استعمال کرے اور ساتھ ہی دوسرے تمام گروپوں کو غیر مسلح کر کے موقوف (Disband) کر دے۔ اس طرح جب ریاست کے تمام گروپ ایک عقیدے اور ایک نظریے کو تسلیم کر لیں تو اس کے بعد ہی ریاست میں کسی حکومت کا قیام عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ ایسی حکومت، اس وسیع تر گروپ کی حکومت کہلائے گی جو اکثریتی عوام کے عقائد، روایات اور حساسیتوں کی عکاس ہو۔ اگر وہ حکومت ایسا نہیں کر پاتی تو لوگ اس کو جائز اور قانونی حکومت تصور نہیں کریں گے..... تب ریاست میں ایک انقلاب برپا ہو جائے گا اور حکومت کو گھر بھیج دیا جائے گا"۔

"ایسی ریاست کا قیام و جواز ان اصولوں کے تابع ہوتا ہے جو ملک کی غالب آبادی کا حصہ ہوتے ہیں۔ ان اصولوں کی بنیادیں مذہبی اور سماجی اقدار پر استوار ہوتی ہیں۔ آج کے افغانستان کا یہی مشترک اثاثہ، اسلامی عقائد و اقدار ہیں۔ طالبان کی غالب فورس پشتونوں پر مشتمل ہے۔ پشتون ایک مشترک کوڈ کا نام ہے جس پر سارے پشتون عمل کرتے ہیں اور جسے "پشتون والی" کہا جاتا ہے اور جس کی سپورٹ میں حنفی فقہ اور شریعت کی پشتیبانی ہے۔ نان پشتون افغان بھی سارے کے سارے مسلمان ہیں اور ان کا اجتماعی اور مشترک و تخلوط اشاریہ (Indicator) 'اسلام' ہے"۔

"چنانچہ جب طالبان اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ ان کی حکومت اسلامی اقدار پر استوار ہونی چاہیے تو ان کا یہ اصرار ایک معقول اور زوردار جواز اور منطق ہے۔ افغانوں سے یہ امید رکھنا کہ وہ سویڈن کی طرح کی مادر پدر آزادیوں کو قبول کر لیں گے گویا دن دہاڑے خواب دیکھنا ہے۔ اشرف غنی اس احمقانہ روش پر گامزن تھا لیکن طالبان ایسا ہرگز نہیں کریں گے"۔

"ایک اور بات بھی ذہن میں رکھئے کہ طالبان نے جب سارے ملک کا کنٹرول سنبھالا تو کہیں بھی کوئی لڑائی بھڑائی نہیں کی۔ نام نہاد "افغان نیشنل آرمی (ANA)" آسانی سے بکھر گئی اور طالبان کو گلے لگا لیا اور بعض نے تو طالبان فورسز میں شمولیت بھی اختیار کر لی۔ کس کو خبر نہیں کہ اگر کسی مزاحمتی تحریک کی پشت پر عوام کی تائید شامل نہ ہو تو وہ تحریک بھی کامیاب نہیں ہو سکتی؟"

"طالبان کی یہ کامیابی ان کے تخلوط (All Inclusive) ہونے کا ثبوت ہے۔ فرانسیسی، بالشویک، امریکی، سعودی، ایرانی اور چینی تحریکوں نے اپنے مخالفین کو بے دریغ قتل کیا اور تب جا کر کامیابی حاصل کی لیکن طالبان نے تو سب کو عام معافی دے دی۔ آپ ذرا دماغ پر زور دیں اور اس سوال کا جواب ڈھونڈیں کہ طالبان دل کے زیادہ غنی اور طبیعت کے زیادہ فیاض تھے یا جدید جمہوریاؤں کے داعی؟"

"چشم فلک نے آج تک انسانی تاریخ میں یہ منظر نہیں دیکھا۔ اگر یہ منظر All Inclusive نہیں تو پھر اور کیا ہے؟" (ختم شد)

واہ ری قسمت!!!

جبار مفتی

"جو پہلی ٹرم میں کچھ نہیں کر سکا وہ دوسری ٹرم میں کیا کرے گا؟ ویسے آپ کو اگلی باری کا کیسے یقین ہے؟؟ شائی شاہ کہنے لگے کہ کپتان قسمت کا دھنی ہے۔ اس جیسی شاندار قسمت لے کر ہمارا کوئی سیاستدان نہیں آیا کرکٹ کے جس عالمی کپ نے عمران کو کپتان منوایا وہ تو ہم ہارے بیٹھے تھے۔ قسمت سے مشکل نہیں خود ہار کر باہر ہو گئیں اور پھر قسمت سے بارش نے جنوبی افریقہ کو بھی باہر کر دیا۔ یہ بھی اس کی قسمت ہی تھی کہ 2018ء کے انتخابات سے قبل پانامہ، اقامہ اور حکم عدولی کے باعث میاں نواز شریف، یوسف رضا گیلانی نااہلی کے گھاٹ اتر چکے تھے۔ قسمت نے میدان صاف کر دیا یہ بھی تو خوش قسمتی ہی ہے کہ سنگین الزامات لگتے رہے مگر عوام کے دل سے

شمال بفیہ 1

روٹ سے آگے کا اس مقصد کیلئے ذمہ داری شفاری بھی رکھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایک انٹرویو میں اسلام آباد میں کھل جھاڑ۔ بلیا شاہرادی کے ہاں اور اب گرینڈ بلوچ کے منصوبے کی تنگ بلیا درکے کی تقریب سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان عمران خان تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں اپنی ایک تقریر کی اسمبلی فواد چوہدری، وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید، گورنر بلوچستان سید جعفر آغا، سینیٹر انوار الحق کاکڑ، سینیٹر ثمر ہارجزئی، میر قبول خان بلوچ اور نواب خان محمد عیسیٰ سمیت پارلیمنٹیرز نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم عمران خان کا خصوصی طور پر ہم نے منصوبوں کے شکیل بلیں دیکھی جس کی بڑی وجہ بلوچستان میں عدم تعاون بھی رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم مرکز اور صوبے میں اتحادی ہیں اور گزشتہ تین سالوں میں جو کام وفاقی یا اپنی ذمی ہی میں ہوا ہے اس کی مثال ماضی میں نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ میں پشتونخوا میں ہوں، ہوشاب آوارہان روڈ، روٹ کوئٹہ بائی پاس روڈ، ہوشاب آوارہان روڈ، ڈیرہ اسماعیل خان ڈیرہ غازی خان بلوچستان ہائی وے، ڈیرہ بلوچستان ہائی وے اور ڈیرہ غازی خان بائی پاس اور اسی طرح سے آگے آنے والے توکیزی ماڈیل منصوبوں کی بھی اگر ہم بات کریں تو یہ صوبہ چھوٹے منصوبے ہیں جن میں کیچی بیگ کیلئے مکرانی سے چند سڑکیں ہیں جنکی حکومت بنائی تھی اور ان کا چرچا بھی زیادہ کرتی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری توجہ اس بات پر ہے کہ ایک منصوبہ مکمل ہو اور جب وہ کراچی پر آئے تو ہم خود اسے دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی عوام کو وزیر بلوچستان میں کوئٹہ کو تنہ شاہراہ اور خضدار تک کراچی سڑک کی تعمیر ہے۔ یہ سڑک ریزہ کی بڑی کی شہید رکھتی ہے، اس شاہراہ کی تعمیر ایک خواب تھا لیکن آج اس منصوبے کے ٹینڈر کا بھی اجراء کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کا اپنے وفاقی وزیر اسی سے ہی صوبے کی ایک بڑی شاہراہ کا افتتاح کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ صوبہ وقت کی ضرورت ہے کیونکہ جب تک سہ اصلاحی کام بہتر نہیں ہوتا ہمارے معاشی ترقی رسائی، امن وامان اور بھموی اتحادی بھتری نہیں آسکتی اور جہاں آپ سڑک لے جاتے ہیں وہاں ترقی بھی آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تعمیر ہو رہی ہے وہاں کے لوگوں کو اس بات کا احساس ہو رہا ہے کہ یہ سڑکیں کتنی اہمیت کی حامل ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ہم جب بھی بلوچستان کی بات کی ہے آپ نے بلوچستان کی آواز کو دنیا کی ہے بلوچستان کی تعمیر کی خاطر کہا کہ وہ زیادہ تر وفاقی وزیر بلوچستان ہی ہیں اور ہم بلوچستان کے لیے بے مثال بجٹ مختص کر رہا ہوں، ماضی میں بھی کوشش ہوئی کہ ہم اس منصوبوں پر عمل درآمد کیا جائے لیکن ہم کام کو آگے لے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان کا کہنا تھا کہ ہم ایک اہم سڑک میل مہر کرنے جا رہے ہیں آوارہان بلوچستان کا ایک نمائندہ شاہراہ ہے جو مرکز بلوچستان کو ایک ریزہ اثر پر رہا ہے جس کی تفصیل ملتے گوادر سے مشکل بھی تھی جس کا اس روڈ کی تعمیر سے یہاں پہنچنا تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام سے معذرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی توجہ بلوچستان میں سڑکوں کی تعمیر کی طرف مرکوز ہے جو ایک خوش آئند امر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ زیادہ وفاقی وزیر عمران خان کی بلوچستان میں خصوصی توجہ کا مکان ہے جس کی خصوصی دلچسپی کے باعث ہوشاب آوارہان روڈ کے بعد سارے منصوبے فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم ایک بہساوند علاقے کی عوام کے لیے سڑک کا افتتاح کر رہے ہیں جس کی افادیت بہت زیادہ ہے اور جس کی تعمیر کی وجہ سے اس علاقے کی عوام میں بھموی اتحاد اور خوشحالی آئے گی واضح رہے کہ جھل جھاؤ۔ بیلا روڈ کا منصوبہ جو کہ 80 کلومیٹر طویل ہے مشتمل ہے جس کی لاگت 2.7 ارب روپے ہے جس کو تین سال کے عرصے میں مکمل کیا جائے گا۔

شمال بفیہ 2

بلیدے کے لیے بہتر ہوسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہوشاب بلوچستان میں کھل جھاڑ بلیدہ شاہراہی بیلا اور اب گرینڈ بلوچ منصوبے کے تنگ بلیدی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم عمران خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کروڑ روپے کی لاگت میں مرکیں بنائے ہیں جاتی ہیں دور میں سڑکوں کی تعمیر میں کرپشن کی حقیقت کا پتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے کو پورا میڈیٹ دیا ہے کہ وہ حقیقت کے ساتھ آنے تو ہم کے سامنے آئیں اور قومی سرمائے کے خیانت کے ذمہ داروں کا تعین کرے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جھل جھاؤ بلیدہ شاہراہ کی تعمیر منصوبہ ہے۔ وزیراعظم نے اس موقع پر شرکا کو بتایا کہ سکول دور میں جب دو ہفتے کے دورے پر جاتے تو اس دوران وہ اپنی جیب سے چھوٹے چھوٹے میں لوگوں نے ہمارا پرتپاک استقبال کیا۔ آج شاہراہوں کی وجہ سے وہاں سیاحت کو اتنا فروغ ملا کہ وہاں گھروں میں بھی لوگوں نے کمرے کرائے پر دینے شروع کر دیئے ہیں۔ وہاں کے حالات مکمل بدل چکے ہیں۔ بلوچستان میں بھی اگر شاہراہوں پر اسی طرح ترقی ہوتی جائے تو یہاں پر سیاحت کے اچھے مواقع ہیں۔ بلوچستان پاکستان کے کل رقبے کا 40 فیصد ہے۔ اس کو ماضی میں نظر انداز کیا گیا کیونکہ جو طاقتیں اپنی طاقت اور اختیارات کے بوجھ سیاسی طاقت کو زیادہ اور بلوچ ترقی کے لیے اقدامات اٹھاتی رہیں۔ اسی لئے بلوچستان پیچھے رہ گیا۔ ہماری حکومت نے 70 سال میں بہساوند وہ علاقے جو وفاقی وزیر ہیں کی ترقی پر توجہ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جھل جھاؤ بلیدہ کے وہاں گھروں میں سے بھی لوگوں نے ایک کے مغربی روٹ کو اختیار کیا ہے کیونکہ مغربی جیت ترقی کے سفر میں پیچھے رہ گیا تھا اس کو وفاداری کے ساتھ مشکل کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمیں نے طویل دہائی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ ہم اسی طرف جا رہے ہیں کہ ہمارے ملک اندر کے منصوبوں سے ہی ترقی کی راہ پر کامزن ہوتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان میں بہساوندگی کے ذمہ دار ہیں جاتی ہیں کہ جس کی وجہ سے وہاں اپنے حلقے کی ترقی اور الیکشن جیتنے کی تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ احساس پروگرام میں سندھ میں ہماری حکومت نے پاکستان کی تاریخ 34 لیمبر ہمت کو دیا کیونکہ وہاں غربت کی شرح زیادہ ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان پر ہے۔ یہاں شاہراہوں کی پورے پاکستان کے مقابلے میں سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ جب

شمال بفیہ 3

ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں عوامی اتحاد اور اصلاحات کے بعد مقابلے اور مشکل ہوتی ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تاریخی بنیادوں پر جھل جھاؤ شاہراہ کی میں کلیدی اہمیت کا حامل منصوبہ ہوگا۔ جنکہ کراچی تک بلوچستان کی تعمیر کی سطح پر بلوچستان سے کم نہیں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان سے دھوکہ کرتے کے لیے گوادر کا ہوا اور سڑک بنیاد رکھنے کی روایات قائم کی گئی مگر عمل ہوا پر اس کے برعکس بلوچستان کے ساتھ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کے ساتھ جو وعدے کیے ہیں ان کے ثمرات سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمیں یہاں سطح پر بلوچستان کے ساتھ جو وعدے کیے ہیں ان کے ثمرات سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان سے وعدے کرتے کے لیے گوادر کا ہوا اور سڑک بنیاد رکھنے کی روایات قائم کی گئی مگر عمل ہوا پر اس کے برعکس بلوچستان کے ساتھ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے

دہشتگردی پر قابو پانے کیلئے عوام کا تعاون ضروری ہے، طاہر رائے

دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور عوام ایک ہیں پولیس فورس کا حصہ بننے والے بلوچستان کے ناموس کی علامت ہیں

پولیس کے جوان فرض کی ادائیگی میں شہریوں کے حقوق اور عزت نفس کا احترام ملحوظ خاطر رکھیں، انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر رائے نے کہا ہے کہ آپ خوش قسمت ہیں جو آپ پولیس آفیسر بھرتی ہوئے ہیں۔ یہ ایک معزز پیشہ ہے یہ ایسا پیشہ ہے جس میں آپ کمزور اور ناداری کی بہت مدد کر سکتے ہیں۔ پولیس کا پیشہ ایک مقدس پیشہ ہے آپ اپنے فرائض منصبی ایمانداری سے ادا کریں۔ پولیس یونیفارم آپ نے زیب تن کی ہے آپ اس کے تقدس کو کبھی پامال نہ ہونے دیں اور اپنے طرز عمل سے عوام کے دلوں میں اپنا اعتماد پیدا کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں۔ قیام امن کے لئے پولیس کے جوانوں اور شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور عوام ایک ہیں پولیس فورس کا حصہ بننے والے بلوچستان کے ناموس کی علامت ہیں انہوں نے کہا بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

حب، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے ان کے چچا میر عظیم جان بزنجو کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

برطانوی عدالت کا فیصلہ نااہل حکمرانوں کے منہ پر طمانچہ ہے، آغا شاہ زیب درانی

حق اور سچ جھوٹ من گھڑت کہانیوں اور کردار کشی کرنے والوں پر بھاری پڑ چکا ہے

اس فیصلے سے موجودہ حکمرانوں کے فریب کو بے نقاب کر دیا ہے، مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر آغا شاہ زیب درانی نے کہا ہے کہ پارٹی کے صدر اور قائد حزب اختلاف میاں شہباز شریف اور ان کے اہل خانہ پر برطانوی عدالت سے منی لانڈرنگ کے الزامات مسترد ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ موجودہ حکمران دروغ گوئی سے کام لیتے ہوئے اپنے اقتدار کو طول دینے کی کوشش کر رہے تھے برطانوی عدالت کا فیصلہ نااہل حکمرانوں کے منہ پر طمانچہ ہے آنے والا وقت پاکستان مسلم بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

دوستوں کے تحفظات ضرور ہیں مل کر حل کر لیں گے، جام کمال

سیاسی درجہ حرارت اتار چڑھاؤ شکار ہوتا رہتا ہے حب میں ان دنوں بہت زیادہ گرمی ہے

وزیر اعظم اور آرمی چیف سے ملاقاتیں ہوتی رہتی ہے ہمارے ان سے اچھی تعلقات ہیں، میڈیا سے گفتگو

حب/کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی متحد ہے اختلافات سیاست کا حسن ہے دوستوں کے تحفظات ضرور ہے جسے مل کر حل کر لیں گے سیاسی درجہ حرارت اتار چڑھاؤ شکار ہوتا رہتا ہے حب میں ان دنوں بہت زیادہ گرمی ہے جو پہلے بھی اس سیزن میں نہیں ہوتی تھی وزیر اعظم اور آرمی چیف سے ملاقات میں بلوچستان کے دیگر بہت سے معاملات پر بات چیت ہوئی ان خیالات کا اظہار انہوں نے حب میں اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کے چچا کی وفات پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اور آرمی چیف سے ملاقاتیں ہوتی رہتی ہے ہمارے ان سے اچھی تعلقات ہیں حالیہ ملاقات میں بھی بلوچستان کے اور بہت سے معاملات بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

جمعیت علما اسلام بنیاد سے لے کر آج تک اپنے نظریات پر کاربند ہے، محمد اسلم غوری

عقیدت مندوں کی انتھک جدوجہد کی بدولت عالمی اسٹیبلشمنٹ یہاں کی اسلامی شناخت ختم کرنے میں ناکام رہی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے جمعیت علما اسلام پاکستان کے مرکزی ترجمان محمد اسلم غوری کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی ترجمان محمد اسلم غوری ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ جمعیت علما اسلام بنیاد سے لے کر آج تک اپنے نظریات پر کاربند ہے، جمعیت کے عقیدت مندوں کی انتھک جدوجہد کی بدولت عالمی اسٹیبلشمنٹ یہاں کی اسلامی شناخت ختم کرنے میں ناکام رہی، قیام بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر رائے (بلال شجاعت) پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں 94 ویں بیچ کے پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت اور ایران کی پاکستان میں مداخلت بند کی جائے، رمضان مینگل

عالمی طاقتیں افغانستان میں امارات اسلامی کی حکومت کو تسلیم کرے

کوئٹہ (آن لائن) اہلسنت والجماعت وسنی علماء کونسل بلوچستان کے صدر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ بھارت اور ایران کی پاکستان میں مداخلت بند کی جائے، عالمی طاقتیں افغانستان میں امارات اسلامی کی حکومت کو تسلیم کرے، بلوچستان میں پیغام پاکستان کانفرنس کے دوررس نتائج برآمد ہونگے، عوام سے اپیل ہے کہ وہ پیغام پاکستان کانفرنس کی کامیابی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علماء کے وفد سے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

لسبیلہ یونیورسٹی خواتین کی ترقی کے لیے اہم اقدامات کر رہی ہے، روبینہ کریم

لسبیلہ میں ویمین فیسٹیول کے انعقاد خوش آئند ہے، یونیورسٹی کی ٹیم بھرپور شرکت کریگی

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ یونیورسٹی خواتین کی ترقی کے لیے اہم اقدامات کر رہی ہے، لسبیلہ میں ویمین فیسٹیول کے انعقاد خوش آئند ہے، یونیورسٹی کی ٹیم بھرپور شرکت کریگی یہ بات لس بیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر دوست محمد بلوچ نے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان کے ٹیم کے ساتھ میٹنگ میں کہی انہوں نے کہا کہ لس بیلہ یونیورسٹی میں لڑکیوں کی تعلیم اور ان کو روزگار کے فراہمی کے بھرپور مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں جن کا مقصد خواتین کی تعلیم کے فروغ اور ان بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

دور جدید میں بھی ہم تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) قدرتی گیس سے مالا مال تحصیل سوئی کے آخر ہونکانی محلہ اس دور جدید میں بھی گیس، پانی، بجلی، تعلیم اور سڑک جیسی تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے اہل علاقہ سراپا احتجاج ہیں مظاہرین کے مطابق بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکریٹری ریاض احمد زہری ضلعی کابینہ کا اجلاس آج طلب کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکریٹری ریاض احمد زہری نے ضلعی کابینہ کا اجلاس 30 ستمبر بروز جمعرات کو سہ پہر 3:00 بجے پارٹی سیکرٹریٹ میں ضلعی صدر حاجی عطاء محمد بنگلزئی کے زیر صدارت طلب کیا ہے، تمام عہدیداران سے گزارش کی جاتی ہے کے وقت کی پابندی کرتے ہوئے اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

ڈپٹی کمشنر خضدار میجر (ر) بشیر احمد کی زیر صدارت خضدار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

شہریوں کی کثیر تعداد نے ضلع کے مختلف علاقوں سے کھلی کچہری میں شرکت کی

خضدار (ش ن) ڈپٹی کمشنر خضدار میجر (ر) بشیر احمد کی زیر صدارت خضدار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ شہریوں کی کثیر تعداد نے ضلع کے مختلف علاقوں سے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ محکمہ جات کے آفیسرز عوامی مسائل سننے کے لئے عوام کے سامنے روبرو موجود تھے۔ اس موقع پر شہریوں نے ایجوکیشن، ہیلتھ، بجلی، پینے کے صاف پانی، تجاوزات، ٹریفک کے مسائل، امن وامان، اراضیات کی ملکیت، خلیات سمیت دیگر بہت سارے مسائل پر بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

گنداواہ پر سرار بیماری کے باعث آم ودیگر باغات سوکھنے لگے

ڈپٹی کمشنر بی سید زاہد شاہ نے زیر تعمیر انفارمیشن آفس بی کا معائنہ کیا

معائنے کے دوران ناقص میٹریل کے استعمال اور کام پر انتہائی سست روی کا نوٹس لی

بی (ش ن) ڈپٹی کمشنر بی سید زاہد شاہ نے زیر تعمیر انفارمیشن آفس بی کا معائنہ کیا معائنے کے دوران انہوں نے ناقص میٹریل کے استعمال اور کام پر انتہائی سست روی کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ بی ایند ڈبلیو کے متعلقہ ایکسین اور متعلقہ ٹھیکے دار کی سخت سرزنش کی انہوں نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب یہ لوگ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ اور میڈیا کی تعمیراتی کاموں میں ایسی کوتاہیوں کا مظاہرہ کریں گے تو باقی محکموں کا خدا ہی حافظ ہے انہوں نے ایکسین اور بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

سندھ پولیس کا فولاد لوہر کے گھر پر چھاپہ، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ اور چرس برآمد

گنداخہ (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق سندھ پولیس کا فولاد لوہر کے گھر پر چھاپہ، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ اور چرس برآمد ہوا، پر افسوس اسے کچھ دیر بعد میں چھوڑ دیا گیا، ذرائع کے مطابق فولاد لوہر کا تعلق پی ٹی آئی سے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سریاب روڈ کی توسیعی منصوبے سے تاجر برادری بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں، حاجی عبدالسلام بادینی

سریاب اور ہزار گنجی میں بجلی گیس ودیگر بنیادی مسائل کا فقدان ہے صورتحال کو نوٹس لیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی زون سریاب کے چیئرمین حاجی عبدالسلام بادینی نے اپنے آفس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سریاب سڑک کی توسیعی منصوبے کے باعث سریاب زون کے تاجروں کو کئی مہینوں سے بے روزگار کیا گیا ہے ایک جانب کام کی رفتار انتہائی سست ہے دوسری جانب دکانیں گرائے گئے ہیں مگر تاجروں کو ریزھیوں پر بھی تجارت نہیں کرنے دی جا رہی ہے حکومت اس جانب کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے۔

بے سہاروں کا سہارا بننا ایک عظیم اور افضل عمل ہے، بشیر احمد خان بازئی

اس نیک کام میں سرکاری اور ذاتی حیثیت میں ہر قسم کی تعاون کے لئے مجھے اپنے ساتھ پائیں گے

خضدار (ش ن) کمشنر قلات ڈویژن بشیر احمد خان بازئی نے کہا ہے کہ بے سہاروں کا سہارا بننا ایک عظیم اور افضل عمل ہے اس نیک کام میں سرکاری اور ذاتی حیثیت میں ہر قسم کی تعاون کے لئے مجھے اپنے ساتھ پائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے (پی پی اے ایف) کی جانب سے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام اور چل فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام جسمانی معذور افراد کے لئے مفت مصنوعی اعضا کی فراہمی کے موقع پر خضدار پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

مانجھی پور پولیس کی بروقت کارروائی چابی چور سے موٹر سائیکل چھڑالی

مانجھی پور (نامہ نگار) مانجھی پور پولیس کی بروقت کارروائی چابی چور سے موٹر سائیکل چھڑالی تفصیلات کے مطابق تھانہ محلہ مانجھی پور سے نامعلوم چابی چور ارسلہ نامی شخص کی موٹر سائیکل لے گئے مانجھی پور پولیس کے انچارج محمد صلاح ریکسانی ہیڈ کانسٹیبل محمد عارف کھوسہ کانسٹیبل نصیب اللہ منگریہ اور کانسٹیبل تاج کھوکھر نے چابی چور کا تعاقب کیا اور چابی چور نے گوٹھ حاجی ہزار خان کھوسہ کے قریب موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہو گیا۔

صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ دو روزہ دورے پر ژوب پہنچیں گے

ژوب (آن لائن) صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ دو روزہ دورے پر ژوب پہنچیں گے آج صبح دس بجے کچہری ہال میں کھلی کچہری منعقد ہوگی جس میں صوبائی محتسب عوام کے مسائل سنیں گے۔ جبکہ یکم اکتوبر کو ژوب میں مختلف سرکاری دفاتر کا دورہ کریں گے۔

منگچر قلات گرانی گرد ونواح ودیگر نواحی علاقوں میں گیس کا بحران شدت اختیار کر گیا

گیس پریشر مکمل طور پر ختم، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

منگچر (نامہ نگار) منگچر قلات گرانی گرد ونواح و دیگر نواحی علاقوں میں گیس کا بحران شدت اختیار کر گیا۔۔ گیس پریشر مکمل طور پر ختم۔ عوام کا کوئی پرسان حال نہیں۔ موسم گرما میں گیس پریشر کا یہ حال ہے تو موسم سرما میں لوگوں کی زندگی اجیرن ہو جائیگی۔۔ سوئی سدرن گیس کمپنی قلات کے حکام کو عوام کی تکالیف سے کوئی سروکار نہیں۔ تفصیلات کے مطابق سوئی گیس کمپنی کی گیس پریشر کی بہتری کے دعووں کی قلعی کھل گئی منگچر گرانی قلات کے نواحی علاقوں گلی محمد شہی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

شیرانی ڈی سی اعجاز جعفری پی ڈی اسانڈہ ریفریشر کورس مرکز کا معائنہ کر رہے ہیں

گنداواہ کا علاقہ کوئٹہ میں قائم آم ودیگر باغات پر سرار بیماری کے باعث سوکھنے لگے

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ کا علاقہ کوئٹہ میں قائم آم ودیگر باغات پر سرار بیماری کے باعث سوکھنے لگے۔ باغ مالکان پریشان۔ محکمہ زراعت کے ذمہ داران ہمیشہ کی طرح خواب غفلت میں مدہوش۔ باغ مالکان نے نواب زادہ میر طارق خان لگمی صاحب نوجوان قیادت نوابزادہ میر احمد خان لگمی صاحب اور ڈپٹی کمشنر جھل لگمی سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں۔ باغ مالکان نے کہا ہے کہ فوری طور پر نوٹس لے کر اس بیماری کے تدارک کے لئے دوائی اور اسپرے کا بندوبست کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق گنداواہ کا علاقہ کوئٹہ جو اپنے آم ودیگر کے باغات کی وجہ سے پورے ضلع جھل لگمی میں مشہور ہے اب وہاں آم کے باغوں کو ایک پر سرار بیماری بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

دور کر پارٹی کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، غلام نبی رند

اوستہ محمد (آن لائن) نیشنل پارٹی تحصیل اوستہ محمد اور ضلعی عہدیداروں کا مشترکہ اجلاس زیر صدارت تحصیل صدر نیک محمد بلوچ جبکہ مہمان خاص ضلعی نائب صدر غلام نبی رند منعقد ہوا اجلاس میں 2 اکتوبر کے ضلعی کونسل کے اجلاس میں کونسلران کی چناؤ کے حوالے سے اہم مشورے اور 6 اکتوبر کو نیشنل پارٹی کے مرکزی قائد ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی جعفر آباد میں ورکر کانفرنس اور سیمینار کے حوالے سے بھی لائحہ عمل تیار کیے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

آج جمعیت نظریاتی بھرپور اپنی قوت کا مظاہرہ کریگی، حافظ امین اللہ

انشاء اللہ کوئٹہ شہر کو اللہ اکبر مجاہدین اسلام کے معطر اور خوشبودار نعرے سے گونج اٹھائیں گے

کانفرنس میں شرکت کرنے کیلئے کوئٹہ کے تمام حلقوں سے جلوس نکلیں گے، جمعیت طلبا اسلام نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ اور جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ سینئر نائب صدر عزیز الحق درویش نصیب خان عبدالظاہر محمد نعیم معصوم ذبیح اللہ حافظ شریف اللہ نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آج جمعیت نظریاتی بھرپور اپنی قوت کا مظاہرہ کریگی آج انشاء اللہ کوئٹہ شہر کو اللہ اکبر مجاہدین اسلام کے معطر اور خوشبودار نعرے سے گونج اٹھائیں گے صدائے مجاہد کانفرنس انتہائی اہمیت کے حامل ہیں کانفرنس میں شرکت کرنے کیلئے کوئٹہ کے تمام حلقوں سے جلوس نکلیں گے عوام سے کانفرنس میں بھرپور شرکت کی اپیل کی جاتی ہے کہ صدائے مجاہد کانفرنس میں دنیا کے تمام مظلوموں مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کرنا ہے دنیا کے جس کونے میں بھی مسلمانوں پر ظلم ڈھائے جا رہے ہیں اور مسلمانوں کے مزاحمت کے بھرپور حمایت کریگے جہاد ایک مقدس فریضہ ہے۔

اسلاموفوبیا مسلمانوں کیلئے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، مولانا لونی

مرکزی وچاروں صوبوں اور امارت اسلامی افغانستان کے قائدین پہنچ چکے ہیں وہ آج کے کانفرنس سے پالیسز خطاب کریں گے

شہر میں کانفرنس کے لئے وال چاکنگ بینرز، اور جھنڈے لگائے گئے لیکن ہمارے جھنڈوں اور بینرز کو اتار دیا گیا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا ہے کہ 30 ستمبر تاریخ ساز صدائے مجاہد کانفرنس کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں مرکزی وچاروں صوبوں اور امارت اسلامی افغانستان کے قائدین پہنچ چکے ہیں وہ آج کے کانفرنس سے پالیسز خطاب کریں گے شہر میں کانفرنس کے لئے وال چاکنگ بینرز، اور جھنڈے لگائے گئے لیکن ہمارے جھنڈوں اور بینرز کو اتار دیا گیا جس کی ہم شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو پریس کانفرنس سے کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ 30 ستمبر کو ہونیوالی صدائے اسلام کانفرنس کی توسط سے افغانستان، فلسطین وکشمیر، شام اور برما کے عوام سے یکجہتی اور دنیا بھر کی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لورالائی، کمشنر ژوب ڈویژن شاہد اللہ خان سے ضلع شیرانی اور ضلع موسیٰ خیل کے قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیرانی و ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل بھی موجود ہیں

آج کے کھلی کچہری کا مقصد صرف فوٹو سیشن تک محدود نہیں ہے، ڈپٹی کمشنر خاران

شہر میں پانی، بجلی، صحت، تعلیم، صفائی، تجاوزات اور تمام مسائل کا حل ان کے ترجیحات میں شامل ہیں

خاران (نمائندہ خصوصی) چیف سیکرٹری بلوچستان کے خصوصی احکامات پر ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر خدا رحیم میروانی کی زیر نگرانی ڈی سی آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد ہوا۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر خاران فرید وترین، ڈی ایس پی شہروز خان، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد انور سیاہ پاد، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر میر جہانزیب بلانزئی، ڈی ای او سردار نوروز خان مسکانزئی، ایم ایس ڈاکٹر محبوب بلوچ، ایس ڈی او پی ایچ ای شہزاد احمد، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس حافظ سعید احمد سمیت دیگر محکموں کے ضلعی آفیسران شریک۔ کھلی کچہری میں بازار، پنچایت کے صدر شیخ منیر احمد، نائب صدر بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

آن لائن نیوز نیٹ ورک کے قلات سے رپورٹر وسینئر صحافی فیض نچاری کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں

قلات (آن لائن) انٹرنیشنل آن لائن نیوز نیٹ ورک کے قلات سے رپورٹر وسینئر صحافی فیض نچاری کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں محمد عمر نچاری کی صاحبزادی مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ وہ سردار عبدالکریم خان نچاری، ماسٹر عبدالواحد نچاری، اسداللہ نچاری کے کزن، بلوچستان عوامی پارٹی قلات کے تحصیل بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ممتاز عالم دین آیت اللہ علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرانوی سادات قوم کے فخر ہیں، سردار سید خیر شاہ

وہ پاکستان کے قومی ہیرو ہیں سادات کے قومی ہیرو ہیں، سربراہ پاکستان مسلم لیگ فاطمہ جناح پارٹی

گنداخہ (نامہ نگار) سربراہ پاکستان مسلم لیگ فاطمہ جناح پارٹی سردار سید خیر شاہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ممتاز عالم دین آیت اللہ علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرانوی سادات قوم کے فخر ہیں۔ اسکا اعلان حسینی کا گھی سادات کے چشم و چراغ فخر پاکستان سردار سید خیر شاہ حسینی نے کیا۔ اور کہا کہ امریکہ میں دو تین لوگوں کی طرف سے ڈاکٹر صاحب کے خلاف جو من گھڑت پروپگنڈہ کیا جا رہا ہے ہم اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ڈاکٹر صاحب کی ہر طرح بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ہزار گنجی میں گیس بجلی اور پانی کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہے، امر دین آغا

ہزار گنجی کراچی روڈ کی عدم تعمیر سے تاجر، ٹرانسپورٹرز اور عوام کو آمد ورفت میں شدید مشکلات درپیش ہے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان ہزار گنجی زون کے نائب صدر امر دین آغا نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہزار گنجی کراچی روڈ کے حوالے سے کیو ڈی اے، وزراء، مشیر اور دیگر حکومتی اداروں اور ذمہ داروں کو آگاہ کیا گیا مگر ان کی تسلیاں طفلیاں ثابت ہوئی ہے ابھی تک اس حوالے سے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں ہزار گنجی کراچی سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے کئی ٹریفک حادثات رونما ہو چکے ہیں اشیاء، کئی دوسری بڑی سبزی منڈی کے مین سڑک اور دیگر سڑکوں کی خستہ حالت حکومت کے کردار پر سوالیہ نشان ہے انہوں نے کہا کہ اتنا بڑا علاقہ ہونے کے باوجود ہزار گنجی اور سریاب میں کوئی فائر بریگیڈ اسٹیشن نہیں ہے خدانخواستہ آگ بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

نصیر آباد تین مختلف واقعات میں عورت سمیت 4 افراد قتل

ڈیرہ مراد جمالی میں تین نامعلوم مسلح افراد نے نائی کی دکان پر فائرنگ کر کے لیاقت علی منگی کو قتل کر کے فرار ہو گئے

دوسرے واقعہ میں شرمارکیٹ کے قریب فائرنگ کر کے ایک خاتون کو قتل کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) نصیر آباد میں تین مختلف واقعات میں عورت سمیت چار افراد قتل ملزمان فرار تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی میں تین نامعلوم مسلح افراد نے نائی کی دکان پر فائرنگ کر کے لیاقت علی منگی کو قتل کر کے فرار ہو گئے جبکہ دوسرے واقعہ میں شرمارکیٹ کے قریب فائرنگ کر کے ایک خاتون کو قتل کر دیا گیا تیسرے واقعہ میں پولیس تھانہ صدر کی حدود میں فائرنگ سے ایک شخص کبیر خان بگٹی کو قتل کر دیا گیا ملزم موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوئے چوتھے واقعہ خان کوٹ پولیس تھانہ کی حدود میں پیش آیا عمرانی قبیلے کے دو گروپوں میں فائرنگ کی زد میں کسان شوکت علی لگسی جان بحق ہو گیا چاروں واقعات کے ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمات درج کر کے ملزمان بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

میر عبدالمجید رودینی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) میر عبدالمجید رودینی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ وہ میر عبداللہ رودینی، لفیکدار میر محمد اسحاق رودینی، میر عبدالرزاق رودینی، میر محمد امین رودینی بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد تقی عثمانی کو صدر وفاق المدارس منتخب کرنا خوش آئند ہے

دینی مدارس قوم کی امیدوں اور آرزوں کی تحفظ کی امید اور کرن ہے، جمعیت علما اسلام

سرانان (آن لائن) شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد تقی عثمانی کو صدر وفاق المدارس منتخب کرنا خوش آئند ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام تحصیل سرانان کے امیر مفتی محمد آغا جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ آغا مولوی محمد رفیق سابق چیئرمین مولوی محمد صادق ملک نظام سید عزیز اللہ آغا حاجی حبیب اللہ حاجی اشرف حاجی حضرت علی مولوی سید نیاز محمد آغا حافظ عطاء اللہ بدر دین آغا عبدالغفور مولوی محمد شفیع مولوی صالح محمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پوری پاکستانی قوم کی حمایت دینی مدارس کیساتھ ہے مدارس کی آزادی اور نصاب تعلیم سلب کرنے کی بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

2021ء میں بچوں پر جنسی تشدد کے واقعات میں 27 فیصد اضافہ ہوا ہے، صدام حسین ابڑو

سب سے زیادہ 15 تا 16 سال کے بچوں کو جنسی وجسمانی تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے، غلام علی ایڈووکیٹ

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بچوں پر جنسی تشدد کے روک تھام کے لئے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم ساحل نے رواں سال نے پہلے ششماہی رپورٹ میں بتایا ہے کہ چاروں صوبوں بشمول اسلام آباد گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بچوں پر جنسی تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے سال 2020ء کی نسبت رواں سال کے جنوری تا جون 2021ء میں بچوں پر جنسی تشدد کے واقعات میں 27 فیصد اضافہ ہوا ہے سب سے زیادہ 15 تا 16 سال کے بچوں کو جنسی وجسمانی تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے ساحل کے ریجنل کوآرڈینیٹر صدام حسین ابڑو اور لیگل ایڈوائزر بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

آفیسران کا فرض ہے سائلین کے مسائل اولین بنیادوں پر حل کریں، اظہر شہزاد

عوام کو ان کے جائز حقوق دلانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

تمبو (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اظہر شہزاد نے کہا ہے کہ ضلع کے آفیسران کا فرض ہے کہ وہ سائلین کے مسائل اولین بنیادوں پر حل کیئے جائیں عوام کو ان کے جائز حقوق دلانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں اپنے آفیس میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا کھلی کچہری میں ایس ایس پی نصیر آباد عبدالحی عامر بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی محترمہ حدیبیہ جمالی، اے سی چھتر خادم حسین کھوسہ، ڈی ایس پی گلاب شیخ، ڈی ایچ او ہیلتھ نصیر آباد ڈاکٹر عبدالمنان لاکی، ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر ارباب قادر بخش مغیہ، ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل نصیر آباد احمد نواز جنگ، ایکسین پی ایچ آر، بشیر ناصر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت عتیق اللہ کھوسہ، ایس ڈی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد کھلی کچہری میں عوام کی درخواستوں پر احکامات دے رہے ہیں

ملک میں آئندہ انتخابات کے بعد حکومت بنائیں گے، بلاول بھٹو زرداری

پیپلز پارٹی پورے ملک میں آئندہ انتخابات کے بعد حکومت بنائے گی بلاول بھٹو زرداری ملک کے نوجوان وزیر اعظم ہونگے

پیپلز پارٹی عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے پارٹی کو ختم کرنے کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، چنگیزی خان جمالی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی پورے ملک میں آئندہ انتخابات کے بعد حکومت بنائے گی بلاول بھٹو زرداری ملک کے نوجوان وزیر اعظم ہونگے، پیپلز پارٹی نے اپنے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر قائد شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو سے لیکر آصف علی زرداری نے ملک کے لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں یہ شہید ذوالفقار علی بھٹو تھے جنہوں نے ملک کو 1973ء کا متفقہ اور مضبوط آئین دیا، پیپلز پارٹی عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے پارٹی کو ختم کرنے کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، 2018ء کے انتخابات میں راستے کے اندھیرے میں بننے والی پارٹی "باپ" کا آئندہ انتخابات میں وجود بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

مولانا امیر زمان جماعت کے اہم ترین رہنماؤں میں شمار ہوتے تھے، اسلم غوری

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے مرکزی ترجمان و ڈپٹی جنرل سیکرٹری اسلم غوری نے لورالائی میں مولانا امیر زمان کے وفات پر انکے بڑے صاحبزادے مولانا عطاء اللہ شاہ ایڈووکیٹ سے اظہار تعزیت کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مولانا امیر زمان جماع